دانتوں کی دراڑ بند کرنے کا مسالہ

دانتوں کی دراڑ بند کرنے کا مسالہ

دانتوں کے گڑھے اور دراڑوں کو روکنے کے لیے دانتوں کی دراڑ بند کرنے کا مسالہ ایک سادہ اور انتہائی مؤثرطریقہ ہے۔

دانتوں کے گڑھے اور دراڑیں

گڑھا دانتوں کی تہہ میں ایک چھوٹا سا شگاف ہوتا ہے جبکہ دراڑ جینیاتی عوامل سے متعلق دانتوں پر پڑنے والی ایک لکیر ہوتی ہے۔ یہ گڑھے اور دراڑیں گہری یا کھوکھلی ہو سکتی ہیں۔

داڑھوں کی چپانے والی سطحوں پر عام طور پر زیادہ دراڑیں اور گہرے گڑھے ہوتے ہیں

ممکنہ خطرہ:
گڑھے اور دراڑیں اکثر اتنی گہری ہوتی ہیں کہ دانتوں کے برش کے ریشوں سے بھی اس جگہ جمع شدہ گندے مواد یا لوحین کو ختم کرنا مشکل ہوتا ہے

ممکنہ نتیجہ:
گڑھے اور دراڑ کا زوال

بچاؤ کا مؤثر اقدام:
دراڑیں بھرنے کا مسالہ لگانا

دراڑیں بھرنے کا مسالہ کیا ہے؟

دراڑیں بھرنے کے مسالہ کی خصوصیات:

- ایک قسم کا لیس دار مرکب پر مبنی بحالی کا مواد
- ہلکی روشنی سے سخت کر کے علاج کیا جاتا ہے

- شفاف یا دانتوں کے رنگ کا
- بے ذائقہ

علاج کا طریقہ کار:

دراڑیں بھرنے کا مسالہ لگانا

پھر مسالے کو ہلکی روشنی سے سخت کیا جاتا ہے

گڑھے اور دراڑوں کی سطحوں کی ایسڈ سے کندہ کاری کی جاتی ہے تاکہ مسالے کو لگانے کے لیے انیمل یا دانت کی شفاف تہہ کو تیار کیا جائے

دراڑیں بھرنے کے مسالہ کی بہترین خواص

دراڑوں کے مسالے کو انیمل یا دانتوں کی سطح پر مضبوطی سے لگایا جاتا ہے تاکہ ایک حفاظتی دیوار بن جائے جو گڑھوں اور دراڑوں کو بھر دے- اس سے مذکورہ جگہ سے دانتوں کے درد کو دور رکھنے میں مدد ملتی ہے اور گڑھے اور دراڑ کے زوال کا امکان کم ہو جاتا ہے-

مضبوطی

منہ کی مناسب دیکھ بھال کی عادت کے ساتھ دانتوں کا مسالہ کئی سال تک برقرار رہتا ہے اور اسے دوبارہ کرانے کی ضرورت نہیں پڑتی-

دیکھ بھال

دانتوں کا سالانہ معائنہ کرانے کی سفارش کی جاتی ہے تاکہ ڈینٹسٹ یا ڈینٹل تھراپسٹ جو دانتوں کے ڈاکٹر کی زیر نگرانی ہیں وہ دانتوں کے مسالے کو برقرار رکھنے کا معائنہ کرتے ہیں اور حسب ضرورت اسے دوبارہ لگاتے ہیں- اس عمل سے دانتوں کے مسالے کے مؤثر ہونے کو یقینی بنایا جا سکتا ہے-

دراڑوں کے مسالے کی کس کو ضرورت ہوتی ہے؟

کیونکہ دانتوں کا مسالہ ڈینٹسٹ یا ڈینٹل تھراپسٹ کی جانب سے دانت کے زوال سے بچاؤ کے لیے ایک حفاظتی اقدام ہے، یہ گہرے گڑھوں اور دراڑوں میں لگائے جانے کے لیے تجویز کیا جاتا ہے جو زوال کی طرف مائل ہوں-

اگر آپ کا کوئی دانت ایسا ہے جس میں گہرے اور کھوکھلے گڑھے ہیں تو آپ کو اپنے ڈینٹسٹ یا دندان ساز سے مشورہ کرنا چاہیے کہ آیا بگاڑ سے بچنے کے لیے آپ کو ان پر دانتوں کی دراڑ بند کرنے کا مسالہ لگانا چاہیے-